یوم تاسیس تلنگانہ تقریب میں سونیا گاندھی کو مدعو کرنے کابینہ کا فیصلہ

چھوٹی فصلوں پر بونس، تعلیم پر خصوصی توجہ، اناج کی خریدی میں تیزی کے علاوہ کالیشورم پراجیکٹ زیر بحث

جعلی بیج کی فروخت پر سخت کارروائی۔ خریدی مراکز کا دورہ کرنے کلکٹرس کو ہدایت، اسکولوں کی دیکھ بھال کیلئے اماں آدرش کمیٹیاں تشکیل

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) الیکشن کمیشن کی شرائط کے مطابق تلنگانہ کابینہ کے اجلاس وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزراء نے تقریباً 4 گھنٹے تک مختلف مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ کابینہ نے 2 جون کو تشکیل تلنگانہ کی یوم تاسیس تقریب کو عظیم الشان پیمانے پر منانے کا فیصلہ کیا اور اس تقریب میں سونیا گاندھی اور دیگر اہم شخصیات کو مدعو کیا جائے گا جنہوں نے تلنگانہ کی تشکیل میں تعاون کیا۔ جشن منانے کیلئے الیکشن کمیشن آف انڈیا کو خط لکھا جائے گا۔ اگلے سیزن سے چھوٹی فصلوں پر 500 روپے بونس دینے، اناج کی خریداری میں تیزی لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ کلکٹروں کو سختم دیا گیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسانوں کو کسی قسم کی تکلیف کے بغیر خریداری کا عمل آسانی سے جاری رہے۔ ریاستی وزراء پونگولیٹی سرینواس ریڈی اور سریدھر بابو نے انکشاف کیا کہ حکومت بھیگے ہوئے اناج کو خریدے گی۔ وزراء نے کہا کہ کل سے تمام اضلاع کے کلکٹر اور سب کلکٹر اناج خرید مراکز کا دورہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ نے جعلی بیج فروخت ہونے پر سخت کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کسانوں کو جعلی تخم نہ خریدنے کا مشورہ دیا۔ دوسری طرف تلنگانہ کابینہ نے تعلیم پر زور دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسکولوں کی دیکھ بھال کیلئے اماں آدرش کمیٹیاں کریں گی، اور ڈی سریدھر بابو کی سربراہی میں ایک کابینہ ذیلی کمیٹی قائم کی گئی ہے تاکہ اسکول کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جاسکے اور تعلیمی نظام میں تبدیلیوں کو نافذ کیا جاسکے۔ کالیشورم پروجیکٹ کے بارے میں، انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے اطلاع دی ہے کہ انارم، سنڈیلا اور میڈی گڈا بیراجوں میں پانی ذخیرہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ ان بیراجوں کی حفاظت کا جائزہ ماہر کمپنیاں لگائیں گی، اور ان کی رپورٹوں کی بنیاد پر مرمت کی جائے گی۔ کابینہ نے کم قیمت پر پانی کی سینچائی کے امکانات تلاش کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔

یوم تاسیس تقاریب میں کے سی آر کو مدعو کیا جائیگا: سریدھر بابو

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) ریاستی وزیر سریدھر بابو نے انکشاف کیا کہ وہ حکومت کی جانب سے سابق چیف منسٹر کے سی آر کو ریاستی یوم تاسیس تقاریب میں مدعو کیا جائیگا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ کابینہ نے تعلیمی نظام میں تبدیلیاں ظاہر کرنے 12 جون تک وقت دیا ہے۔ اس کے علاوہ وزارتی اجلاس میں کئی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ہم 15 اگست تک زرعی قرض معافی کا اعلان: کوٹ ریڈی

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ 15 اگست تک زرعی قرض معافی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اناج کی خریدی کا عمل ریاست کے تمام مقامات پر جاری ہے۔ شمالی تلنگانہ میں کچھ جگہوں پر خریداری کرنا باقی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 15 اگست تک قرض معاف کر دیا جائے گا۔ ہماری حکومت ڈی ایس سی نوٹیفکیشن کے بارے میں مخلص ہے۔ پچھلے دس سالوں سے نوکری کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ کابینہ اجلاس سے متعلق بیشتر امور کا اعلان 5 جون کو کیا جائے گا۔

کویتا کی عدالتی تحویل میں 3 جون تک توسیع

نظام آباد، 20 مئی (ایس این بی) دہلی شراب اسکام کے مقدمہ میں ایم ایل سی کے کویتا کی ضمانت کو آج دوبارہ منسوخ کردیا گیا۔ انہیں مزید کئی دنوں تک تہاڑ جیل میں رہنا پڑیگا۔ عدالت نے آئندہ ماہ 3 جون تک کے کویتا کی ضمانت کو نامنظور کرتے ہوئے انہیں دوبارہ جیل میں رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ ایسا خیال کیا جارہا تھا کہ پارلیمانی انتخابات کی رائے دہی کے بعد ایم ایل سی کے کویتا کو ضمانت پر جیل سے رہا کردیا جائیگا لیکن سابق چیف منسٹر کے سی آر، سابق وزیر کے ٹی آر، ایم ایل سی کے کویتا اور ان کے بہی خواہوں کو عدالت نے ایک اور جھٹکا دیتے ہوئے کے کویتا کے ریمانڈ میں 3 جون تک توسیع کردی ہے ایم ایل سی کے کویتا دوبارہ جیل کو روانہ ہوگئی۔

ناگول تا چندرائن گٹہ میٹرو کوریڈور کو حتمی شکل دے دی گئی

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) حیدرآباد ایل اینڈ ٹی میٹرو ریل کے ایم ڈی این وی ایس ریڈی نے اعلان کیا کہ شمس آباد ایرپورٹ روٹ کے حصے کے طور پر ناگول سے چندرائن گٹہ تک 14 کلومیٹر میٹرو ریل کوریڈور کو حتمی شکل دے دی گئی ہے اور جلد ہی اس کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ناگول میٹرو اسٹیشن، ناگول اسکوائر، الکاپوری اسکوائر، کامینی ہاسپٹل، ایل بی نگر سرکل، ساگر رنگ روڈ، مایتری نگر اور چندرائن گٹہ تک 13 اسٹیشن رہیں گے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ان اطلاعات کے درمیان کے میٹرو ریل خسارہ میں چل رہی ہے اور 2026 میں اسے فروخت کر دے جانے کا امکان ہے ناگول سے چندرائن گٹہ تک 14 کلومیٹر میٹرو ریل کوریڈور کو حتمی شکل دینے کا اعلان خوش آئند بات ہے۔ اس پروجیکٹ سے پرانے شہر کی ترقی کی رفتار میں مزید اضافہ ہوگا۔ ایل اینڈ ٹی عہدیدار کی جانب سے فروخت کی بات پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سخت تبصرہ کرتے ہوئے خواتین کے مفت بس سفر اسکیم کو جاری رکھنے کی بات کہی تھی۔

اوقات نماز

نماز		
فجر	ابتداء 04:35	انتہاء 05:36
ظہر	ابتداء 12:22	انتہاء 04:36
عصر	ابتداء 04:44	انتہاء 06:40
مغرب	ابتداء 06:48	انتہاء 07:54
عشاء	ابتداء 08:02	انتہاء 04:13

بہ یک نظر

تلنگانہ میں ٹیٹ امتحان کا آغاز

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) تلنگانہ اسکول ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے ٹیچرس اہلیتی امتحان (ٹیٹ) 2024 کا پیپر کو ریاست بھر میں آغاز ہوا۔ پہلی مرتبہ یہ امتحان کمپیوٹر پر مبنی طریقہ کار کے ذریعہ آن لائن منعقد کیا جارہا ہے۔ ٹیٹ امتحان 2 جون تک جاری رہے گا جس میں روزانہ دو سیشن ہوں گے۔ جاریہ سال 286,386 افراد نے اس امتحان کے لیے درخواستیں داخل کی ہیں جن میں 48,582 ان سروس اساتذہ بھی شامل ہیں۔ پہلے پیپر کے لیے 99,958 افراد نے درخواست داخل کی اور دوسرے پیپر کیلئے 186,428 افراد نے درخواست داخل کی۔ مجموعی طور پر 80 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں، جن میں میڑچل ملکاجگری ضلع میں سب سے زیادہ 25 مراکز شامل ہیں۔

آلودہ پانی پینے سے 30 افراد بیمار

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) کرنول ضلع کے ادونی منڈل میں آلودہ پانی پینے سے 30 افراد بیمار ہوگئے۔ متاثرین کو ادونی کے سرکاری اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں وہ زیرعلاج ہیں۔ مقامی افراد نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ایک ہفتے سے آلودہ پانی فراہم کیا جارہا ہے جس کو پینے سے وہ بیمار ہورہے ہیں۔ انہوں نے صحت عامہ کے مفاد میں بہتر اور معیاری پانی کی سپلائی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

پٹرول پمپ کے ملازمین کی فوری چوکسی۔ بڑا واقعہ ٹل گیا

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) پٹرول پمپ کے ملازمین کی فوری چوکسی کے نتیجہ میں تلنگانہ کے ضلع یادادری بھونگیر میں ایک بڑا آگ کا واقعہ ٹل گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع کے نواحی علاقہ کے ایک پٹرول پمپ پر ایک بڑی لاری پہنچی تاہم اس میں آگ لگ گئی۔ اس آگ کو دیکھتے ہوئے پٹرول پمپ کے ملازمین نے فوری چوکسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ کو بجھانے کا کام کیا جس کی وجہ سے ایک حادثہ ٹل گیا۔ اس واقعہ سی سی ٹی وی کیمرہ میں قید ہوگیا۔

برقی شاک سے جھلس کر 2 خواتین فوت

حیدرآباد، 20 مئی (کوئنک سماچار) فلک نما پولیس کے مطابق 25 سالہ خانگی ملازمہ نسرین بیگم ساکن فاطمہ نگر فلک نما 16 مئی کو کچن روم میں لائٹ کا کھٹکا کھولنے کے دوران برقی شاک سے شدید جھلس گئی جو گزشتہ روز خانگی ہاسپٹل میں جانبر نہ ہوسکی۔ متعلقہ پولیس نے اس ضمن میں مقدمہ درج کرتے ہوئے ضابطہ کی کارروائی کی۔ دوسرے حادثہ میں 24 سالہ خاتون مونیکا ساکن آریہ نگر لالہ گوڑہ کی حال ہی میں ناچارم کے ساکن میش سے شادی ہوئی۔ ہفتہ کو مونیکا اپنے والد سے ملنے کیلئے ناچارم آئی۔ حمام میں سوچ بٹن آن کرتے وقت وہ برقی شاک سے شدید جھلس گئی۔ جسے قریبی ہاسپٹل منتقل کرنے پر ڈاکٹرس نے اسے مردہ قرار دیا۔ لالہ گوڑہ پولیس نے اس ضمن میں مقدمہ درج کرتے ہوئے ضابطہ کی کارروائی کی۔

جوبلی ہلز، نرنے جنکشن پر لگائی گئی مورتیوں کی چوری

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) جوبلی ہلز، نرنے جنکشن پر لگائی گئی مورتیوں کی چوری کرلی گئی۔ یہاں آنے والے افراد کے لئے بہتر ماحول کی فراہمی کے حصہ کے طور پر ان مورتیوں کو گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) کی جانب سے 2021 میں لگایا گیا تھا تاکہ اس علاقہ کی خوب صورتی میں بھی اضافہ ہو۔ ان مورتیوں میں ماں، باپ اور بیٹی کی مورتی تھی تاہم ان میں سے دو مورتیوں کی چوری کرلی گئی۔

خانگی اسکولوں میں فیس کے تعین کیلئے فیس ریگولیٹری کمیٹی کے قیام پر غور

خانگی اور کارپوریٹ اسکولوں میں اولیائے طلبہ کے استحصال کو روکنے محکمہ تعلیمات کا فیصلہ

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) محکمہ تعلیمات نے خانگی اور کارپوریٹ اسکولس میں غیرقانونی طور پر وصول کی جارہی بھاری فیسوں سے اولیائے طلبہ کے استحصال کو روکنے کے لیے اہم فیصلہ کیا ہے۔ خانگی اسکولس میں فیسوں کے تعین کے لیے فیس ریگولیٹری کمیٹی (ایف آرسی) قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا جس کی رو سے اب پرائیویٹ اسکولس کی فیسوں کو بالکل اسی طرح فائنل کیا جائے گا جس طرح پروفیشنل کالجوں کی فیسوں کو قطعیت دی جاتی رہی ہے۔ اس ضمن میں ایک بل اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پیش کیا جائے گا جب یہ بل منظور ہوجائے گا تو یہ قانون بن جائے گا جو ایف آرسی ایس ایکٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے گا۔ محکمہ تعلیم کے پرنسپل سکریٹری بی وینکٹیشم نے حال ہی میں میڈیا کو بتایا کہ فیسوں کو ریگولیٹ کرنے کے لیے خاص طور پر ایک قانون لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ کہ اس منصوبہ پر عمل کرنا اس سال ممکن نہیں ہے تاہم اس پر 2025-26 سے عمل کیا جائے گا، ریاست میں 11,051 خانگی اسکولس ہیں۔ ان میں سے کچھ بجٹ اسکولس ہیں اور کچھ کارپوریٹ اسکولس ہیں۔ پہلے فیسوں کو حتمی شکل دیے بغیر یہ ثابت کرنا ممکن نہیں کہ اسکولس کی جانب سے فیس کی وصولی میں حکومت کے قوانین کی خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ اس پس منظر میں حکومت نے پہلے فیس کو حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس کو اسکولس کی سہولیات، آمدنی اور اخراجات پر غور کرتے ہوئے حتمی شکل دی جائے گی۔ ہائیکورٹ کے ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں ایک کمیٹی ہر تین سال بعد تعلیمی اداروں کی آمدنی، اخراجات، آڈٹ رپورٹس اور سہولیات کا جائزہ لے گی اور حکومت کی طرف سے منظور شدہ فیسوں کو حتمی شکل دیگی۔

تمام سرکاری تشخیصی مراکز غیر کارکرد۔ عملہ 6 ماہ سے تنخواہوں سے محروم: ہریش راو

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) تلنگانہ کے سابق وزیر و بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے کانگریس حکومت پر صحت عامہ کے تئیں لاپرواہی کا مظاہرہ کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ ڈائنگناسٹک سسٹم کا آغاز بی آر ایس کے دور حکومت میں کیا گیا تھا تاکہ ریاست کے عوام کو مفت طبی معائنے کی سہولت فراہم کی جاسکے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ کانگریس حکومت نے اقتدار میں آنے کے پانچ ماہ میں ہی اس نظام کو نقصان پہنچایا۔ ہریش راؤ نے ٹوئیٹ کرتے ہوئے حکومت پر تنقید کی اور کہا کہ ریاست میں تمام سرکاری تشخیصی مراکز غیر کارکرد ہوچکے ہیں اور عملہ کو 6 ماہ سے تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے چندر شیکھر راو کے دور حکومت میں ریاست بھر میں 36 تشخیصی مراکز قائم کیے گئے تھے اور 134 قسم کے طبی معائنے دستیاب کروائے گئے تھے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ عملے کو 6 ماہ سے تنخواہ بھی نہیں دی گئی ہیں جو صحت عامہ کے تئیں کانگریس حکومت کے لاپرواہ رویہ کا ثبوت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ریاستی حکومت تشخیصی مراکز میں کام کرنے والے عملے کو فوری طور پر واجب الادا تنخواہوں کی ادائیگی کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ عوام کو ہر قسم کے طبی معائنے اور طبی خدمات دستیاب ہوں۔

کانگریس نے جھوٹے وعدوں سے عوام کو دھوکہ دیا: کے ٹی آر

حیدرآباد، 20 مئی ایس این بی) بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے کانگریس پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ عوام کو متعدد جھوٹے وعدوں کے ساتھ دھوکہ دے رہی ہے۔ 27 مئی کو ہونے والے ورنگل نلگنڈہ، کھمم گریجویٹ ایم ایل سی نشست کے ضمنی انتخاب کیلئے کوتہ گوڈیم میں ایک اجلاس کے دوران، کے ٹی آر نے کہا، "ہمیں امید ہے کہ لوگ اسمبلی انتخابات میں کانگریس پر اعتماد نہیں کریں گے۔ کے ٹی آر نے سوال کیا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کے انتخابات کے دوران کتنے وعدے پورے ہوئے۔ انہوں نے ریونت ریڈی کے 9 دسمبر 2023 تک 2 لاکھ روپے تک کے زرعی قرض معاف کرنے کے وعدے پر روشنی ڈالی، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ کسانوں کو کوئی خاص ریلیف فراہم نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے ریونت ریڈی کو صرف پولنگ کے دن رعیتو بندھو کو یاد کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا اور دعویٰ کیا کہ حکومت کا چھ میں سے پانچ ضمانتوں پر عمل درآمد کا دعویٰ گمراہ کن ہے۔ انہوں نے رائے دہندوں پر زور دیا کہ وہ آئندہ ضمنی انتخابات میں بی آر ایس امیدوار کی حمایت کریں۔

کرغستان میں ہندوستانی طلباء کے تحفظ کو یقینی بنائیں

بی آر ایس اور مجلس کا وزیر خارجہ جے شنکر پر زور۔ بین الاقوامی طلبہ پر حملوں پر اظہار افسوس

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) کرغستان کے بیشکک میں بین الاقوامی طلبہ پر حملوں کے واقعات کے سبب وہاں میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے والے تلگو ریاستوں کے طلبہ میں خوف پایا جاتا ہے۔ جس پر بی آر ایس اور آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین نے حکومت ہند پر زور دیا ہے کہ وہ کرغستان میں تلنگانہ کے طلباء کی حفاظت کیلئے فوری اقدامات کرے۔ دونوں جماعتوں کے رہنماؤں نے بشکیک، کرغستان میں ہندوستانی طلباء کو نشانہ بنانے والے پرتشدد واقعات پر تشویش کا اظہار کیا۔ بی آر ایس لیڈر ٹی ہریش راؤ نے کہا کہ کئی ہندوستانی طلباء زخمی ہوئے ہیں۔ صورتحال تیزی سے بگڑ گئی ہے، مقامی لوگوں نے غیر ملکی طلباء کو نشانہ بنایا، جن میں ہندوستان کے طلباء بھی شامل ہیں۔ انہوں نے وزیر خارجہ ایس جے شنکر پر زور دیا کہ وہ تلنگانہ کے طلباء کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کریں۔ صدر مجلس بیرسٹر اسدالدین اویسی نے بھی وزیر خارجہ سے اپیل کی ہے کہ وہ ہندوستانی طلباء کے تحفظ کے لیے سخت اقدامات کریں۔ رکن پارلیمنٹ حیدرآباد نے کہا کہ کرغستان میں کچھ مقامی لوگ ہندوستانی طلباء کو پرتشدد طریقے سے نشانہ بنا رہے ہیں۔ دوسری جانب تلگودیشم پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ رام موہن نائیڈو اور ایم بھرت نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ ان تلگو طلبہ سے بات کی۔ ان طلبہ نے کہا کہ مقامی افراد نے ان کے لئے مشکل حالات پیدا کئے ہیں جو چاہتے ہیں کہ بیرونی طلبہ ملک سے باہر چلے جائیں۔ رکن پارلیمنٹ رام موہن نے پہلے ہی اس خصوص میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر کو مکتوب روانہ کیا ہے۔ ان طلبہ نے کہا کہ ہاسٹلس میں وہ مقامی افراد سے خوفزدہ ہیں کیونکہ دو دن پہلے تقریباً 40 افراد ان کے ہاسٹل میں گھس پڑے تھے جہاں انہوں نے دروازوں کو توڑ دیا۔ ان طلبہ نے کہا کہ اس مسئلہ پر ہندوستانی سفارت خانہ سے رابطہ کیا گیا تاہم سفارتی عہدیداروں کی جانب سے مناسب ردعمل نہیں مل سکا۔ رام موہن نائیڈو کے ٹوئیٹ پر وزیر خارجہ نے ردعمل ظاہر کیا اور گذشتہ شب پولیس ہاسٹل پہنچی۔ ان طلبہ نے کہا کہ وہ ہاسٹل سے نکلنے میں خوف محسوس کر رہے ہیں۔ تلگودیشم کے ارکان پارلیمنٹ نے ان کو یقین دہانی کروائی کہ وہ دوسری شکل میں اس مسئلہ کو اٹھائیں گے اور وزارت خارجہ سے ایک مرتبہ پھر ربط پیدا کریں گے۔ طلبہ نے کہا کہ جون تک ان کا تعلیمی سال ہے۔ کم از کم ایک ماہ انہیں سیکوریٹی فراہم کی جائے۔ ان طلبہ کو مشورہ دیا گیا کہ وہ چوکس رہیں۔ بعض طالبات نے کہا کہ وہ مناسب طور پر سو نہیں پائیں کیونکہ بعض روسی اور کرغی افراد ان کے ہاسٹل کے قریب نظر آئے۔ غیر ملکی طلباء، بشمول ہندوستان اور پاکستان کے طلباء کو مقامی افراد کی طرف سے دھمکیوں کا سامنا ہے۔

فون ٹیاپنگ کیس کی تحقیقات میں حیران کن پہلوؤں کا انکشاف

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) فون ٹیاپنگ کیس کی تحقیقات میں حیران کن پہلو سامنے آرہے ہیں۔ اگرچہ کہ یہ اسکام طویل عرصے سے جاری تھا، لیکن حالیہ اسمبلی انتخابات کے دوران یہ اپنے نقطہ عروج پر پہنچ گیا تھا۔ یہ انکشاف ہوا ہے کہ گزشتہ سال اگست سے نومبر کے آخر تک چار ماہ کے دوران 1300 فون ٹیاپ کئے گئے تھے جس کا مطلب ہے کہ روزانہ اوسطاً 10 سے زیادہ فونس کی نگرانی کی جاتی تھی۔ تفتیشی اداروں کو پتہ چلا ہے کہ اسپیشل انٹیلی جنس برانچ کے مرکز میں خفیہ طور پر کیا گیا یہ آپریشن نومبر کے آخر میں مکمل ہوا تھا۔ جس کی وجہ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ایس آئی بی کے سابق او ایس ڈی پربھاکر راؤ کی ٹیم صرف اسمبلی انتخابات میں بی آر ایس کو فائدہ پہنچانے میں دلچسپی رکھتی تھی۔ واضح رہے کہ 30 نومبر کو قانون ساز اسمبلی کے انتخابات منعقد ہوئے تھے۔ انتخابات ختم ہوتے ہی فون ٹیاپنگ بھی بند ہوگئی تھی۔ یہ پتہ چلا ہے کہ پربھاکر راؤ کی ٹیم نے بی آر ایس امیدواروں کے خلاف مقابلہ کرنے والے مخالفین کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے جیسے معاملات پر توجہ مرکوز کی تھی۔ اس آپریشن کا مقصد اپنے مخالفین کی سرگرمیوں پر نظر رکھنا انہیں مالی وسائل حاصل کرنے سے باز رکھنا تھا۔ الیکشن کے وقت حیدرآباد سمیت نواحی علاقوں میں کروڑوں روپے کی رقم پکڑی گئی تھی۔

رشوت قبول کرنے پر پنچایت سکریٹری اور بل کلکٹر گرفتار

حیدرآباد۔ 20 مئی (ایس این بی) محکمہ انسداد رشوت ستانی کے اعلیٰ عہدیداروں نے آج صبح 11 بجے ضلع رنگاریڈی نانچ پور گرام پنچایت دفتر کے پنچایت سکریٹری شریمتی رادھیکا ریڈی کو اسی دفتر کے بل کلکٹر بالراج کے ذریعہ ایک درخواست گزار کے 35 ہزار روپے رشوت کا مطالبہ کرتے ہوئے قبول کرنے پر دونوں کو گرفتار کیا۔ یہ مطالبہ درخواست گزار محمد برکت علی ساکن کاروان بہادر پورہ کی اراضی شمس آباد منڈل نانچ پور کے پلاٹ پر کمپاؤنڈ وال کی تعمیر کرنے کیلئے اجازت دینے اور مکان کا نمبر جاری کرنے کیلئے کیا گیا ہے۔ بعدازاں گرفتار شدہ رادھیکا ریڈی اور بالراج کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے انہیں مزید کارروائی کیلئے نامپلی حیدرآباد اے سی بی کی خصوصی عدالت میں پیش کردیا گیا۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

بیوی سے تحفظ فراہم کیا جائے، پولیس سے بے بس شوہر کی درخواست

حیدرآباد۔ 20 مئی (ایس این بی) عجیب وغریب واقعہ میں ایک شوہر نے جو بیوی کی ہراسانی کا شکار بتایا گیا ہے، پولیس سے درخواست کی کہ وہ اسے بیوی سے تحفظ فراہم کرے کیونکہ بیوی کی وجہ سے اُس کی اور اس کے والدین کی جانوں کو سنگین خطرہ ہے۔ متاثرہ شوہر تیمو جیان نے کہا کہ جب سے شادی ہوئی ہے تب سے بیوی، اُسے ذہنی اور جسمانی اذیت دے رہی ہے۔ شہر کے حیدرگوڑہ میں این ایس ایس سنٹر میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے مجبور ولاچار متاثرہ شوہر نے اپنے جسم پر موجود وہ زخم دکھائے جنہیں بیوی نے دیئے ہیں۔ آندھراپردیش کے راجولو مقام کے رہنے والے تیمو جیان کی شادی املاپورم کی رہنے والی لکشمی گوتمی کے ساتھ 7 سال قبل انجام پائی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وہ شہر کے ملا ریڈی کالج میں انگلش کے پروفیسر کے طور پر کام کررہے ہیں اور وہ بیوی کے ساتھ الوال علاقہ میں مقیم ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اُنہیں ایک 5 سالہ لڑکا بھی ہے۔ خاندان کے بزرگ افراد نے بیوی کی کونسلنگ بھی کی ہے مگر اس کے باوجود لکشمی گوتمی کے رویہ میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اور وہ مجھ پر بدستور تشدد کررہی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بیوی نے مجھ پر چاقو سے حملہ کرنے کی کوشش کی اس کا ارادہ مجھے ہلاک کرنے کا تھا۔ میں نے الوال پولیس اسٹیشن میں بیوی کے خلاف شکایت بھی درج کرائی مگر پولیس نے مبینہ طور پر بیوی کے خلاف کیس درج کرنے میں تساہلی سے کام لیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیوی کے حملہ کے خوف سے وہ ہفتہ سے اپنے گھر نہیں جاسکے۔ انہیں خدشہ ہے کہ اگر میں گھر واپس گیا تو بیوی مجھ پر دوبارہ حملہ کرے گی۔ تیمو جیان نے پولیس سے ایک بار پھر درخواست کی کہ وہ ان کی بیوی کے خلاف کیس درج کریں اور بیوی سے انہیں تحفظ فراہم کریں۔

اے پی کے گوپی نے ہندوستان کے پہلا خلائی سیاح بن کر تاریخ بنائی

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) وجئے واڑہ سے تعلق رکھنے والے گوپی نے تاریخ بنائی۔ وہ بلو اوریجن مشن پر جانے والے پہلے ہندوستانی خلائی سیاح بن گئے۔ نظام شمسی میں موجود کرہ ارض خلا سے نیلی نظر آتی ہے کیونکہ اس کی دو تہائی سطح پانی سے ڈھکی ہوئی ہے۔ اس لئے اس کو بلو پلانٹ کہا جاتا ہے۔ امریکی کمپنی بلو اوریجن کا مقصد کرہ ارض کی مختلف طریقوں سے حفاظت کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ انسان خلاء کے وسائل سے بھرپور استفادہ کرے۔ یہ کمپنی اس مقصد کیلئے سرگرم عمل ہے۔ گوپی ایک تاجر کے ساتھ ساتھ پائلٹ بھی ہے جس نے اتوار کی شام ایک سیاح کے طور پر خلا میں جانے والے پہلے ہندوستانی بن کر تاریخ رقم کی۔ گوپی نے کہا کہ وہ اس مشن پر کافی خوش ہیں کیونکہ ان کو خلاء میں ہندوستان کی نمائندگی کرنے کا موقع ملا۔ یہ مشن ہندوستانی نژاد دیگر قابل ذکر خلابازوں، جیسے کلپنا چاولہ، سنیتا ولیمس اور دیگر کی وراثت کو جاری رکھے ہوئے ہے، حالانکہ ان سب نے امریکی پرچم کے تحت پیشہ ور خلابازوں کے طور پر خلا میں سفر کیا۔

نمائش میدان میں 8 اور 9 جون کو دمہ کے مریضوں میں مچھلی دوا کی تقسیم



حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) باتھینی خاندان شہر حیدرآباد میں 8 اور 9 جون کو دمہ اور امراض تنفس کے شکار افراد میں مچھلی میں دوا تقسیم کرے گا۔ اس خاندان نے پیر کے روز اعلان کیا کہ نمائش میدان نامپلی میں 8 جون کو 11 بجے دن سے دمہ کے مریضوں میں مچھلی کی دوا کھلانے کے سالانہ پروگرام کا آغاز ہوگا۔ دوا کھلانے کا یہ عمل 9 جون کو بھی جاری رہے گا۔ باتھینی وشواناتھم گوڑ صدر باتھینی مرگا سرا ٹرسٹ نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مچھلی میں دمہ کی دوا کھلانے کے لئے وسیع تر انتظامات کئے جارہے ہیں۔ تلگو کی دونوں ریاستوں کے بشمول ملک کی مختلف ریاستوں سے دمہ کے مریض اس امید میں یہ دوا کھانے ہر سال حیدرآباد آتے ہیں کہ انہیں مرض سے مکمل شفا مل جائے گی۔ اس خاندان نے حکومت کے متعلقہ محکمہ جات سے اپیل کی ہے کہ وہ ہر سال کی طرح اس سال بھی مچھلی کی دوا (پرساد) کھلانے کے لئے بڑے پیمانہ پر نقائص سے پاک انتظامات کریں۔ خاندان کے سربراہ باتھینی ہری ناتھ گوڑ کے دیہانت کے بعد یہ پہلا ایونٹ رہے گا۔ ہری ناتھ گذشتہ سال 84 سال کی عمر میں چل بسے تھے۔ لک بھر کے دمہ کے مریضوں میں مچھلی کی دوا کھلانے والے اس خاندان کی چوتھی نسل کے وہ آخری فرد تھے۔ اپنے بڑے بھائی کے دیہانت کے بعد ہری ناتھ گوڑ نے تقریباً 3 دہائیوں تک دمہ کے مریضوں کو مچھلی کی دوا کھلائی تھی۔ باتھینی گوڑ خاندان کا دعویٰ ہے کہ وہ 178 برسوں سے یہ دوا مفت تقسیم کررہے ہیں۔ 1845 میں ایک صوفی بزرگ نے باتھینی خاندان کو اس جڑی بوٹی دوا کا فارمولہ دیا تھا جو ابھی تک صیغہ راز میں ہے۔ اس صوفی نے اس خاندان سے عہد لیا تھا کہ اس دوا کو مفت تقسیم کریں گے۔

مودی ہٹاؤ دیش بچاؤ، خواہش کے ساتھ عوام کی رائے دہی کے عمل میں شرکت: وی ایچ

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) سابق رکن پارلیمنٹ وی ہنمنت راؤ نے زور دے کر کہا ہے کہ اس بار مرکز میں انڈیا بلاک نئی حکومت بنانے جارہا ہے اور ملک کے عوام لوک سبھا انتخابات میں وزیراعظم نریندر مودی کو الوداع کہہ رہے ہیں۔ پیر کو یہاں گاندھی بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ہنمنت راؤ نے کہا کہ ملک کے لوگ اب 'مودی ہٹاو دیش بچاؤ' کی شدید خواہش کے ساتھ تبدیلی کے لیے ووٹ دے رہے ہیں اور دعویٰ کیا کہ کانگریس پارٹی بی جے پی سے زیادہ سیٹیں حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ لوگ کانگریس لیڈر راہول گاندھی کی قیادت پر اعتماد ظاہر کررہے ہیں کیونکہ بعد میں انہیں بھارت جوڑو یاترا کے دوران مسائل کا علم ہوا۔ سابق ایم پی نے نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ پر راہول گاندھی کے خلاف توہین آمیز ریمارکس کرنے پر بھی غصے کا اظہار کیا، بجائے اس کے کہ انہوں نے پچھلے دس سالوں میں ملک کے لیے کیا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس کی حکومت آئی تو بی جے پی لیڈر بیرون ملک فرار ہوجائیں گے۔

ذہنی بیمار بیٹی کے قتل کے الزام میں والدین گرفتار

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) سرسلہ پولیس نے ذہنی طور پر بیمار اپنی ہی بیٹی کے قتل کے الزام میں ایک جوڑے کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے پیر کے روز یہ بات بتائی۔ ضلع ایس پی سرسلہ اکھیل مہاجن کے مطابق نیرالہ کے 49 سالہ چپیالہ نرسمہا اور ان کی بیوی 43 سالہ ایلاوا نے اپنی 24 سالہ بیٹی پرینکا کا قتل کردیا اور انہوں نے یہ دعویٰ کیا کہ ان کی بیٹی کی طبعی موت ہوئی ہے۔ پرینکا کئی برسوں سے ذہنی مرض کا شکار تھی۔ والدین نے علاج کرانے کے بعد بیٹی کی شادی کردی۔ اس کو 13 ماہ کا ایک بیٹا بھی ہے۔ مرض دوبارہ پیدا ہونے پر خاتون کا ایک بار پھر علاج کیا گیا اور کامیاب علاج کے لئے اسے ایک عبادت گاہ لے جایا گیا مگر اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ پریشان حال والدین نے بیٹی کی زندگی ختم کرنے کا منصوبہ بنایا اور منصوبہ کے مطابق 14 مئی کو جب پرینکا اپنے مکان میں محوخواب تھی تب والدین نے رسی کی مدد سے اس کا گلا گھونٹ دیا۔ پولیس عہدیدار نے یہ بات بتائی۔ بعدازاں اس جوڑے نے داماد کو پرینکا کی موت کی اطلاع دی اور دوسرے دن اس کی آخری رسومات بھی ادا کردی گئی۔ دیہاتیوں نے خاتون کی موت پر شک کا اظہار کیا اور اس سلسلہ میں پولیس میں شکایت درج کرائی۔ تفتیش کے دوران جوڑے نے جرم کا اعتراف کرلیا۔ جوڑے کو عدالتی تحویل میں دے دیا گیا۔

کولر میں برقی رو دوڑنے سے معصوم لڑکی ہلاک

نظام آباد/حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) آرمور منڈل کے پرکٹ میں ایک افسوسناک واقعہ منظر عام پر آیا۔ لوہے کے کولر میں برقی رو دوڑ جانے سے 6 سالہ لڑکی کی موت واقع ہوگئی۔ افسوسناک واقعہ کی تفصیلات کے مطابق نظام آباد شہر کے گنگا ستھان کے ساکن ونید اور دیپکا کو ایک 6 سالہ لڑکی شروتی ہے یہ جوڑا گرمائی تعطیلات کے باعث آرمور منڈل پرکٹ کی رہنے والی دادی کے پاس پہنچے تھے۔ ہفتہ کی رات گھر کے افراد پکوان میں مصروف تھے شروتی لوہے کے کولر کو چھونے سے اس کے جسم میں برقی رو دوڑ گئی شروتی کی برسر موقع موت واقع ہوگئی۔ اس واقعہ سے گھر میں کہرام مچ گیا معصوم بچی کی موت سے تمام سرپرست صدمہ سے دوچار ہے۔ گرمائی تعطیلات میں بچوں کی اموات کے واقعات میں تشویشناک اضافہ ہورہا ہے کہیں پر بچے تالاب میں غرقاب ہورہے ہیں یا دوسرے ناگہانی حادثات کا شکار ہورہے ہیں۔ گرمائی تعطیلات میں معصوم بچوں کو حادثات سے روکنے کیلئے سرپرستوں کو مزید چوکس رہنے کی ضرورت ہے خاص طور پر گھروں میں کولر یا دوسری الیکٹرانک اشیاء کے استعمال کی صورت میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

خواتین کا لباس پہن کر فلیٹ میں چوری کی واردات

حیدرآباد، 20 مئی (ایس این بی) خواتین کا لباس پہن کر فلیٹ میں چوری کی واردات انجام دی گئی تاکہ چوروں کی شناخت نہ کی جاسکے۔ یہ واردات حیدرآباد کے ایس آر نگر کی زیڈ کالونی کے ایک فلیٹ میں انجام دی گئی۔ فلیٹ کے مالک وینکٹیشور راو نے پولیس سے اس خصوص میں کی گئی شکایت میں کہا کہ ان کے فلیٹ سے قفل شکنی کے ذریعہ چوروں نے چار تولے کے طلائی زیورات کے علاوہ ایک لاکھ روپئے نقد رقم اور ایک لیاپ ٹاپ کی چوری کرلی۔ اس شکایت کی بنیاد پر پولیس نے ایک معاملہ درج کرلیا۔ پولیس نے اپارٹمنٹ کے سی سی ٹی وی کیمروں کے فوٹیج کا تجزیہ کیا تو یہ حیرت انگیز انکشاف ہوا کہ خواتین کا لباس پہن کر یہ واردات انجام دی گئی۔ پولیس نے اس سی سی ٹی وی فوٹیج کی بنیاد پر چوروں کی تلاش شروع کردی۔